9

یہ کلمات پڑھنے والے کو زہریلے جانور کا ڈنگ نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآ مَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں اللہ کے کلماتِ کاملہ کی پناہ پکڑتا ہوں ہر اُس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی۔

3 مرتبہ شام

[مُسلم:6880، مُسندِ احمد:7885، 290/2]

10

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْیَا وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ

اَے اللہ! ہم نے تیرے نام کے ساتھ شام کی اور تیرے نام کے ساتھ صبح کی اور تیرے ہی نام کے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے ہی نام کے ساتھ ہم مریں گے اور تیری ہی طرف مر کر اُٹھنا ہے۔

1 مرتبہ شام

[جامع ترمذی:3391]

11

اَمْسَیْنَا عَلٰی فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَعَلٰی کَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰی دِیْنِ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مِلَّةِ اَبِیْنَا اِبْرَاھِیْمَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ

ہم نے شام کی فطرتِ اسلام اور کلمہِ اخلاص پر اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین اور باپ ابراہیم علیہ السلام یکسو مُسلم کی ملت پر اور وہ مشرک نہیں تھے۔

1 مرتبہ شام

[مُسندِ احمد:15397، 406/3]